© rasailojaraid.com



# فکرِ شہیدؔ

از جناب شہیدؔ سیوہاروی

صبحِ عشرت چاہیئے اور شامِ ہجراں چاہیئے
زندگی میں اِک تلاطم خیز طوفاں چاہیئے

منزلِ مقصود کی تکمیل ہو ہی جائیگی
ہر قدم پر جلوہ گاہِ حسنِ جاناں چاہیئے

خود ہی جھک جائے جبینِ نازِ بربادیٔ نیاز
دل پریشاں، سینہ بریاں، چشم گریاں چاہیئے

لُوٹ لی پہلے اشارے ہی میں تو نے کائنات
اور کیا اب اے نگاہِ فتنہ ساماں چاہیئے

کِس لئے طوق و سلاسل توڑتا ہے تو شہیدؔ
کچھ تو اے وحشی تجھے آدابِ زنداں چاہیئے

---

# مِصباحُ الفُرقان فی لُغاتِ القرآن

اِس کتاب میں حروف تہجی کی ترتیب کے اعتبار سے پہلے لفظ پھر اُس کے معنی اور پھر تیسرے خانہ میں الفاظ سے متعلق صرفی ونحوی معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ لفظ اگر فعل ہے تو اسکا مادۂ اشتقاق اور اصل باب۔ اور اگر وہ اسم ہے تو مفرد کی جمع اور جمع کا مفرد۔ یہ چیزیں تو ہر لفظ کے ساتھ بالالتزام اور اُن کے علاوہ جگہ بجگہ دوسری مفید باتیں بھی بیان کردی گئی ہیں۔ انبیاء کرام کے جہاں جہاں نام آئے ہیں اُن کے حالات مختصراً بتائے گئے ہیں۔ یہ کہنا بے مبالغہ ہے کہ اُردو زبان میں لغات القرآن پر اب تک کوئی ایسی کتاب شائع نہیں ہوئی یہ کتاب عام طلبہ اور اُن انگریزی داں اصحاب کے لئے بہت مفید ہے جو صرف قرآن مجید کے ترجمہ پر ہی اکتفا کرنا نہیں چاہتے بلکہ ہر لفظ کے معنی کیساتھ اسکا مادۂ اشتقاق اور صیغہ بھی معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ کتاب ۲۰×۲۶/۴ کی بڑی تقطیع پر شائع ہوئی ہے طباعت وکتابت عمدہ اور دیدہ زیب ہے۔ قیمت للعہ۔ خریدارانِ سالہ برہان سے ۱۲ر پیسے۔

منیجر مکتبہ "بُرہان" قرول باغ۔ نئی دہلی سے طلب فرمائیے



© rasailojaraid.com